E-69 راولپنڈی کے قادیانی ارتدادی مرکز سے کیمرے ہٹا دیے گئے

راولپنڈی (۲۴؍فروری) مسلمانوں کے شدید احتجاج اور پرامن مظاہرے کے بعد E-69 سیٹلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی میں واقع قادیانیوں کے ارتدادی مرکز پر نصب ۸ ہیوی مانیٹرنگ کیمرے پولیس نے اتار دیے۔ یاد رہے کہ مسلمانوں کے رہائشی علاقے سیٹلائیٹ ٹاؤن میں قادیانیوں نے ناجائز طور پر اپنا ارتدادی مرکز قائم کر دیا ہے۔ جس پر گزشتہ دو ماہ سے مسلمان شدید احتجاج کر رہے ہیں۔ تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والی دینی جماعتوں نے مطالبہ کیا کہ مسلمانوں کی آبادی میں کفر وارتداد کے قیام کا کوئی جواز نہیں۔ اس مطالبے کے حق میں مسلسل مظاہرے ہو رہے ہیں۔ ۲۹؍جنوری ۲۰۱۲ء کو ایک بہت بڑا احتجاجی جلسہ منعقد ہوا جس کے بعد مسلمانوں اور انتظامیہ میں طے پایا کہ قادیانی مرکز پر نصب ۸ ہیوی مانیٹرنگ کیمرے جلد اتار دیے جائیں گے مگر ان پر عمل نہ کیا گیا۔ ۲۴؍فروری کو پھر ایک بڑا احتجاجی مظاہرہ ہوا جس کے فوراً بعد پولیس نے کیمرے اتار دیے۔ مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے سرپرست مولانا حافظ عبدالرحمٰن، امیر خادم حسین، سیکرٹری جنرل مولانا ابوذر، خالد کھوکھر، محمد ناصر اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ انتظامیہ مسلمانوں کے رہائشی علاقہ سے قادیانیوں کے ارتدادی مرکز کو ختم کرائے۔ یہ اسلام، مسلمانوں اور وطن عزیز کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔ انھوں نے کہا کہ تمام دینی قوتیں مسلمان عوام کی قوت سے اس ارتدادی مرکز کے خاتمے تک تحریک جاری رکھیں گے۔

چناب نگر کے قادیانی نے اسلام قبول کرلیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چناب نگر کے ایک شہری جس کا نام نواز احمد بتایا گیا ہے نے جمعہ کی نماز کے بعد عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما و خطیب مرکزی جامع مسجد مسلم کالونی مولانا غلام مصطفےٰ کے ہاتھوں اسلام قبول کیا اور آقائے نامدار خاتم المعصومین سید المرسلین حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان لانے کا اعلان کیا، اس موقع پر کثیر تعداد میں نمازی بھی موجود تھے اور انہوں نے قبول اسلام پر نومسلم کو مبارک باد دی مولانا غلام مصطفےٰ نے خطاب کرتے ہوئے تمام قادیانیوں کو حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان لانے اور دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ دنیا وآخرت کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ تمام بنی نوع انسان رحمۃ اللعالمین نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چھتری تلے پناہ گزین ہو جائیں ،انہوں نے کہا کہ میں تمام دنیا کے قادیانیوں کو دعوت اسلام دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ نواز احمد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دائرہ اسلام میں داخل ہو کر کامیابی کے امیدوار بن جائیں گے۔ (روزنامہ اسلام لاہور 7 جنوری 2012ء)

قادیانی جوڑے کا قبول اسلام

جھنگ (نمائندہ خصوصی) جامع مسجد ٹاہلیانوالی نزد بازار کھتیانوالہ جھنگ صدر میں سابق زعیم خدام الاحمدیہ فرمان حفیظ مغل نے اپنی بیگم عذرا نذر محمد کے ہمراہ مولانا ظہور احمد سالک ممبر ضلعی امن کمیٹی کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اس موقع پر انکا تجدید نکاح بھی ہوا۔ خدام الاحمدیہ کے زعیم قائد رہے ہیں اور ایک مسلم خاتون کو قادیانی بنا کر شادی کی انکے والد اور دیگر حضرات بھی ابھی قادیانی ہیں۔ اس موقع پر مبلغ ختم نبوت مولانا غلام حسین نے انکو مبارکباد پیش کی اور انہیں ہر قسم کے تعاون کا یقین دلایا، اس موقع پر انکے لئے مٹھائی تقسیم کی گئی، اس تقریب میں جماعتی کارکنان و نوجوان جمعیت علماء اسلام کے شیخ مقبول، مجلس احرارِ اسلام کے محمد انور مغل، اہلسنت والجماعت کے شیخ عثمان، پاسبان ختم نبوت کے محمد شعیب اور دیگر احباب بھی شریک ہوئے۔ (روزنامہ پاکستان لاہور 17 فروری 2012ء)